**2017-18**

**خراب موسم کی منصوبہ بندی**

**جب خراب موسم کی پیشن گوئی ہوتی ہے تو گلفورڈ کاؤنٹی اسکولز [Guilford County Schools (GCS)] کیسے اس بات کا تعین کرتا ہے کہ اسکول بند کرنا ہے یا اسکول کے وقت میں تاخیر کرنی ہے؟**

خراب موسم کی پیشن گوئی کے بعد اسکول بند کرنا ہے یا اسکول کے وقت میں تاخیر کرنی ہے یا طلباء کو وقت سے پہلے چھوڑنا ہے اس کی سفارش کرنے کے لیے **سپرینٹینڈینٹ** نے **چیف آپریشن آفیسر (Chief Operations Officer)** کو ذمہ داری سونپی ہے۔ **چیف آپریشن آفیسر ڈائریکٹر آف ٹرانسپورٹیشن** اور **ٹرانسپورٹیشن سپروائزر** کی ایک ٹیم کی نگرانی کرتا ہے جن کو پورے ملک میں سڑکوں اور موسم کے حالات کو جانچ کرنے کے لیے گلفورڈ کاؤنٹی کے علاقے تفویض کیے گئے ہیں۔

جب پیشن گوئی کردہ خراب موسم سے اس بات کا خطرہ ہوتا ہے کہ سڑکوں کے حالات اسکول بس کے سفر کے لیے غیر محفوظ ہو سکتی ہے تو، **ٹرانسپورٹیشن سپروائزر** مقررہ سڑکوں کا جائزہ لیتے ہیں اور **ڈائریکٹر آف ٹرانسپورٹیشن** کو 5 بجے شام تک سڑک کے حالات سے آگاہ کراتے ہیں۔ ڈائریکٹر سڑک کے حالات سے متعلق حاصل ہونے والی سپروائزر کی سبھی رپورٹوں پر غور کرتا ہے، راڈار کی تصاویر کا جائزہ لیتا ہے، نیشنل ویدر سروس کی مقامی شاخہ سے مشورہ کرتا ہے اور **چیف آپریشن آفیسر** کو مندرجہ ذیل میں سے ایک کی سفارش کرتا ہے:

1. اسکول اپنے نارمل وقت پر کھلے گا؛
2. اسکول کھلنے کے وقت میں ایک گھنٹہ یا دو گھنٹے کی تاخیر ہوگی؛
3. اسکول وقت سے پہلے بند ہو جائے گا؛ یا
4. اسکول اس دن نہیں کھلے گا۔

**چیف آپریشن آفیسر سپرینٹینڈنٹ** کے ساتھ تبادلہ خیال کرتا ہے جو حتمی فیصلہ لیتا ہے۔ اسکول بند کرنے یا اسکول کے وقت میں تاخیر کرنے، یا اسکول کے وقت میں کتنی تاخیر کریں اس بارے میں فیصلہ کا اعلان **ڈائریکٹر آف کمیونیکیشن** کے ذریعہ میڈیا پر، ® Connect-Ed پر، یا GCS کی ویب سائٹ (www.gcsnc.com) پر اور GCSTV 2 پر صبح 5:30 بجے سے پہلے شائع کر دیا جاتا ہے۔ ***اگر اسکول نارمل وقت پر کھلتا ہے تو کوئی اعلان نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے میڈیا میں کوئی بھی اعلان نہ ہونے کا مطلب ہے کہ اسکول نارمل شیڈول کے مطابق چلے گا۔*** اگر اسکولی دن شروع ہونے کے بعد موسم خراب ہوتا ہے تو وقت سے پہلے چھٹی کا فیصلہ *جلد سے جلد* لیا جائے گا۔

جب بھی ممکن ہو، اگر شام سے پہلے اسکول کے بند ہونے کا فیصلہ لیا جا سکتا ہے تو **چیف آپریشن آفیسر** 4:30 شام سے پہلے **سپرینٹینڈنٹ** کو سفارش سے آگاہ کرے گا اور فائنل منظوری حاصل کرے گا۔

اگر اسکول اس دن بند ہو جاتے ہیں تو اس دن دوپہر بعد سڑک کے حالات کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا اور شام کی خبر میں رپورٹ کردہ مشاہدات کا جائزہ لیا جائے گا، اگر ممکن ہو۔ اگر سڑک کے حالات کا اگلی صبح سے پہلے سدھرنے کا امکان نہیں ہے تو اسکول کو منسوخ کر دیا جائے گا۔

نوٹیفیکیشن کا اعلان نیوز میڈیا پر کیا جائے گا، GCS کی ویب سائٹ (www.gcsnc.com) پر شائع کیا جائے گا اور GCSTV 2 پر نشر کیا جائے گا۔ یہ اعلان کرنے کے لیے ® Connect سسٹم اور سوشل میڈیا کا بھی استعمال کیا جائے گا۔ اگر ممکن ہو، تو 6 بجے شام تک نیوز رپوٹ میں اعلان کر دیا جائے گا۔

اگر دوپہر کے بعد جائزہ میں پایا جاتا ہے کہ اگلے دن اسکول ممکن ہے، تو اگلی صبح تک کے لیے فیصلہ کو مؤخر کیا جا سکتا ہے اور صبح 5:00 بجے تک اعلان کر دیا جائے گا۔

**خراب موسم کی وجہ سے اسکول کی مزید منسوخی:**

اسکول کے **پانچویں** دن کے اختتام تک، اگر کچھ سڑکیں اسکول بس کے سفر کے لیے اب بھی غیر محفوظ رہتی ہیں اور اگلے تین دنوں کے اندر اسکول بس چلنا محفوظ نہیں ہوگا، تو **بس ڈرائیور** یا **ٹرانسپورٹیشن سپروائزر** ان طلباء کے والدین کو فون کریں گے جنہوں نے اپنا ٹیلیفون نمبر فراہم کیا ہے **(نیچے دیکھیں)** اور جو ایسی سڑکوں پر رہتے ہیں جہاں جانا ممکن نہ ہو۔ ڈرائیور انہیں قریب میں ایک محفوظ اور صاف سڑک پر بس اسٹاپ/بس رکنے کا وقت بتائے گا۔ والدین/سرپرست بس پکڑنے کے لیے اگر اپنے طلباء کو مجوزہ متبادل بس اسٹاپ پر نہیں لا سکتے ہیں تو بس ڈرائیور یا ٹرانسپورٹیشن سپروائزر کو بتا دینا چاہیے۔ منصوبہ بندی کے مقاصد سے، اور کنفیوژن سے بچنے کے لیے، اس دن دوپہر کے بعد اس بچے کے لیے متبادل اسٹاپ ڈراپ آف پوائنٹ ہوگا۔ بس ڈرائیور طالب علم کو دوپہر کے بعد ڈراپ آف سے متعلق ایک اطلاع نامہ فراہم کرے گا جس میں والدین اور / یا سرپرستوں کو یہ سمجھایا جائے گا کہ اگلی صبح بس کا اسٹاپ کہاں ہوگا۔

*اگر کسی طالب علم کو ایک چائلڈ کیئر سنٹر سے لیا جاتا ہے یا چھوڑا جاتا ہے تو یہ والدین/سرپرست کی ذمہ داری ہے کہ وہ چائلڈ کیئر سنٹر کو اس پلان کو اپنانے کا مشورہ دیں اور متبادل مقام پر بس پکڑیں۔*

بس کے ڈرائیوروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ **ڈائریکٹر آف ٹرانسپورٹیشن** کا دستخط کردہ ایک اسٹنڈرڈ گلفورڈ کاؤنٹی اسکولز فارم کے ذریعہ سبھی طلباء کے گھر کا ٹیلیفون نمبر حاصل کریں۔ والدین/سرپرست سے تقاضا ہے کہ وہ فارم کو مکمل کریں اور اس کو بس ڈرائیور کے پاس لوٹا دیں۔ بس ڈرائیوروں کے پاس پہلے ہی سے مخصوص ضروریات والے طلباء کے گھر کے ٹیلیفون نمبر ہوتے ہیں لیکن مخصوص ضروریات والے طلباء کے والدین سے کہا جائے گا کہ طالب علم کے پک اپ اور ڈاپ کے دوران ڈرائیور سے نمبر کی درستگی چیک کر لیں۔

**غیر نصابی سرگرمیاں**

**ہائی اسکول** – پہلا دن جب اسکول خراب موسم کی وجہ سے بند ہو، اسکول کی سبھی سرگرمیاں منسوخ ہو جائیں گی، جب تک کہ **چیف آف اسکولز** کے ذریعہ سرگرمیاں جاری رکھنے کی ہدایت نہ دی جائے۔ جب اسکول بند ہو اس وقت سرگرمیوں میں شامل نہ ہو پانے کی وجہ سے کسی بھی صورت میں طلباء پر جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا، اس وقت بھی جب اس کو جاری رکھنے کی مخصوص اجازت دے دی گئی ہو۔

**ایلیمنٹری اور مڈل اسکولز** – خراب موسم کی وجہ سے جب اسکول بند ہو یا وقت سے پہلے چھٹی دے دی جائے تو اسکول کی کوئی سرگرمیاں بشمول ACES پروگرام، گیم، پریکٹس، ریہرسل، کارکردگی وغیرہ انجام نہیں دی جائیں گی، جب تک کہ **چیف آف اسکولز** کے ذریعہ اس کی اجازت نہ دی جائے۔

ریگولر وقت پر جب اسکول بند ہو ان دنوں میں خراب موسم کی وجہ سے اسکول کے بعد والی سرگرمیاں بھی منسوخ ہو سکتی ہیں۔ اس بند کا اعلان اسکول کے ذریعہ کیا جائے گا، GCSTV 2 پر نشر کیا جائے گا اور www.gcsnc.com پر آن لائن پوسٹ کیا جائے گا۔

**خطرناک موسم – نگرانی اور وارننگ**

**خطرناک موسم کی نگرانی** – خطرناک موسم کی نگرانی کے دوران ٹرانسپورٹیشن کا عمل حسب معمول جاری رہے گا۔ **ڈائریکٹر آف ٹرانسپورٹیشن** حالات کی نگرانی کر کے اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اسکول بسوں کے ذریعہ محفوظ سفر کیا جا سکے۔ شیڈول میں استقامت کو برقرار رکھنے کے لیے، اسکول بسیں نارمل مقررہ راستوں سے منحرف نہیں ہوں گی اور اضافی بس اسٹاپ نہیں بنائیں گی۔

**خطرناک موسم کی وارننگ** – بس لوڈ ہونے سے پہلے اور بس کے کمیپس سے دور ہونے کی حالت میں اگر کوئی خطرناک موسم کی وارننگ جاری کی جاتی ہے تو بس کے عمل کو معطل کر دیا جائے گا اور طلباء اپنے پرنسپل کی ہدایت کے تحت اسکول کی بلڈنگ میں پناہ لیں گے جب تک کہ وارننگ کا وقت ختم نہ ہو جائے۔ اگر خطرناک موسم کی وارننگ اس وقت جاری کی جائے جب اسکول سے روانہ ہو چکی ہوں، تو بس ڈرائیور کو ہدایت دی جائے گی کہ احتیاط سے کسی محفوظ جگہ میں جا کر بسیں کھڑی کر دیں جب تک کہ آندھی کی وارننگ کا وقت ختم نہ ہو جائے۔